فوری ریلیز کے لیے: 21/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں GE AEROSPACE کی $225 ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا

عالمی ٹیکنالوجی لیڈر نسکایونا میں 75 نئی ملازمتیں پیدا کر رہا ہے

یہ پروجیکٹ تنصیبات، آلات اور بنیادی ڈھانچے کو جدید بنائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ GE Aerospace، جو جیٹ انجنز، سروسز اور سسٹمز میں عالمی لیڈر ہے، سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کے نسکایونا میں اپنی ریسرچ سینٹر سائٹ پر آپریشنز کو بہتر بنانے کے لیے $225 ملین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ اس توسیع کے حصے کے طور پر، کمپنی نے کم از کم 75 نئی اچھی تنخواہ والی تحقیق، انجینئرنگ اور ہنر مند فنی شعبوں کی ملازمتیں پیدا کرنے کا عزم کیا ہے، جبکہ وہ تجارتی اور دفاعی صارفین کے لیے جیٹ انجن ٹیکنالوجی میں پیش رفت کی کوششوں کو تیز کر رہی ہے۔ امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کمپنی کی سرمایہ کاری اور ملازمتوں سے متعلق وعدوں کی معاونت کے لیے کارکردگی پر مبنی ایکسیلسیئر جابز پروگرام (Excelsior Jobs Program) کے ٹیکس کریڈٹس کی مد میں $8.42 ملین تک فراہم کر رہی ہے۔

"ریاست نیو یارک جدت طرازی کی ایک جرات مندانہ میراث رکھتی ہے، جس کی بنیاد بڑے خیالات اور GE Aerospace جیسی عالمی شہرت یافتہ کمپنیوں کی بڑی سرمایہ کاریوں پر قائم ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ تکنیکی دریافتوں کی اگلی نسل یہیں سامنے آئے اور آج کا اعلان ظاہر کرتا ہے کہ ہماری میراث مزید مضبوط ہو رہی ہے۔ GE Aerospace کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے، ہم مستقبل کی ملازمتیں اور ترقیاتی کام آج ہی کیپیٹل ریجن میں لا رہے ہیں۔"

نسکایونا میں GE Aerospace ریسرچ سینٹر سائنسی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی کی ڈویلپمنٹ کے ایک اہم مرکز کے طور پر کام کرتا ہے، جہاں 800 سے زیادہ افراد ملازمت کر رہے ہیں۔ یہ پروجیکٹ تنصیبات کو جدید بنا کر موجودہ گنجائش اور پرانے ہوتے ہوئے بنیادی ڈھانچے سے متعلق چیلنجز سے نمٹے گا۔ مشینری، آلات، فرنیچر اور فکسچرز میں یہ نمایاں سرمایہ کاری عالمی ایرو اسپیس جدت طرازی میں اس سائٹ کے طویل مدتی کردار کو مضبوط کرے گی اور کمپنی کو عالمی سطح پر مسابقتی رہنے میں مدد دے گی۔ سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میٹروپلیکس ڈویلپمنٹ اتھارٹی (Schenectady County Metroplex Development Authority) تعمیراتی مواد پر سیلز ٹیکس سے استثنا فراہم کر کے اس سرمایہ جاتی پروجیکٹ کی معاونت کر رہی ہے۔

GE Aerospace ریسرچ کے جنرل منیجر اور سینئر ایگزیکٹو ڈائریکٹر Joe Vinciquerra (جو ونچی کویرا) نے کہا، "پرواز کا مستقبل کئی دہائیوں پر محیط کڑی سائنسی اور تکنیکی تحقیق و جستجو کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ ہم اس سرمایہ کاری کو ایسی اہم پیش رفت میں تبدیل کرنے کے لیے تیار ہیں جو ہوا بازی کے اگلے دور کی تعریف پیش کرے گی۔ ہم اپنے ریاستی اور علاقائی شراکت داروں کی معاونت اور ایرو اسپیس میں پیش رفت کے حصول کی ہماری قومی کوشش میں نیو یارک کے کردار کے لیے ان کے مسلسل عزم پر تہِ دل سے شکر گزار ہیں۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں، ریاست نیو یارک ایسے پروجیکٹس اور کمپنیوں میں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے جو جدت طرازی پر مبنی معیشت کو فروغ دے رہے ہیں۔ کیپیٹل ریجن میں اپنی موجودگی کو وسعت دینے کا GE Aerospace کا فیصلہ اس حکمت عملی کی اہمیت اور کامیابی کو ظاہر کرتا ہے جو نئی ملازمتیں پیدا کر رہی ہے اور ایسے ثمرات فراہم کر رہی ہے جو نیو یارک کو اگلی نسل کی ٹیکنالوجیز کے عالمی مرکز کے طور پر مزید مستحکم کرنے میں مدد دیں گے۔"

مزید برآں، GE Aerospace Foundation کیپیٹل ریجن میں اپنے "نیکسٹ انجینئرز (Next Engineers)" پروگرام کو مسلسل وسعت دے رہی ہے تاکہ مقامی اسکول ڈسٹرکٹس میں تقریباً 4,000 طلبہ تک رسائی حاصل کی جا سکے، جس سے STEM تیاری اور افرادی قوت کی ڈویلپمنٹ کو آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ یہ کمپنی کے اس علاقے سے وابستگی کے مطابق مقامی سطح پر سماجی اثرات اور ہنرمند افرادی قوت کی پائپ لائن کی ڈویلپمنٹ کو ظاہر کرتا ہے۔

رکن اسمبلی Phil Steck (فل اسٹیک) نے کہا، "GE طویل عرصے سے میرے ضلع میں ایک بنیادی آجر رہی ہے اور ہمارے خطے کی معیشت کا ایک اہم حصہ ہے۔ میں نے مسلسل ایسی پالیسیوں کی حمایت کی ہے جو نیو یارک میں GE کی کامیابی اور ترقی کی صلاحیت کو مضبوط بناتی ہیں۔ میں نسکایونا ریسرچ سینٹر میں اس نمایاں سرمایہ کاری کے لیے شکر گزار ہوں، جو 75 اچھی تنخواہ والی ملازمتیں پیدا کرے گی اور یہ یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ اہم تحقیق اور جدت طرازی یہاں کیپیٹل ریجن میں جاری رہے۔"

سکینیکٹیڈی کاؤنٹی لیجسلیچر کے چیئرمین Gary Hughes (گیری ہیوز) نے کہا، "یہ GE Aerospace کی جانب سے کمپنی کے نسکایونا میں واقع عالمی ریسرچ سینٹر میں پرواز کے مستقبل کے لیے ایک شاندار سرمایہ کاری ہے۔ یہ نسکایونا میں کیے جانے والے جدید ترین جیٹ انجن R&D کام کو فروغ دے گا، جو فوجی اور کمرشل دونوں قسم کی ہوا بازی کے مستقبل کے لیے نہایت اہم ہے۔ ہماری کاؤنٹی کی اقتصادی ڈویلپمنٹ کی ٹیم نے اس اہم عزم کو یقینی بنانے کے لیے ایک سال سے زیادہ عرصے تک امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) کے ساتھ کام کیا۔ سکینیکٹیڈی کاؤنٹی کی جانب سے، میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ESD کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے نسکایونا میں 225$ ملین کی اس سرمایہ کاری کو حقیقت بنایا۔"

سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میٹروپلیکس ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین Ray Gillen (رے گلن) نے کہا، " GE Aerospace کمرشل اور فوجی ہوا بازی میں عالمی لیڈر ہے اور یہ سرمایہ کاری نسکایونا کو کمپنی کی ان تمام کوششوں میں صفِ اول پر رکھتی ہے جو ہماری قومی دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانے اور کمرشل فضائی سفر کو زیادہ مؤثر اور مستحکم بنانے کے لیے کی جا رہی ہیں۔ یہ نسکایونا کیمپس کے لیے ایک بہت بڑی کامیابی ہے اور یہ گزشتہ ایک سال کے دوران گورنر Hochul (ہوکل)، امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، نیشنل گرڈ اور ہماری کاؤنٹی کی اقتصادی ڈویلپمنٹ کی ٹیم کی اس منظم کوشش کا براہِ راست نتیجہ ہے، جس کا مقصد سکینیکٹیڈی کاؤنٹی میں GE Aerospace کے تحقیقی آپریشنز کو وسعت دینے میں مدد کرنا تھا۔"

نسکایونا ٹاؤن کی سپروائزر Erin Cassady-Dorion (ایرن کیسڈی-ڈوریون) نے کہا، "GE نسلوں سے نسکایونا کی کہانی کا حصہ رہی ہے، اور یہ سرمایہ کاری یقینی بناتی ہے کہ یہ کہانی جاری رہے۔ 800 سے زیادہ لوگ پہلے ہی ہر روز GE Aerospace ریسرچ سینٹر آتے ہیں تاکہ سائنس کی حدود کو مزید آگے بڑھا سکیں نیز تحقیق، انجینئرنگ اور ہنر مند فنی شعبوں کی 75 نئی ملازمتوں کا اضافہ ہماری مقامی معیشت اور ہماری کمیونٹی کو مضبوط بناتا ہے۔ نیکسٹ انجینئرز پروگرام کے ذریعے، GE Aerospace ہمارے اسکولوں میں ہزاروں نوجوان انجینئرز کے لیے مواقع کے دروازے بھی کھول رہی ہے۔ نسکایونا ٹاؤن کی جانب سے، میں GE Aerospace کا یہاں ترقی کرنے کا انتخاب کرنے پر، اور گورنر Hochul (ہوکل) اور ہمارے ریاستی و کاؤنٹی شراکت داروں کا اسے ممکن بنانے میں مدد دینے پر شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

GE Aerospace انجنز اور دیگر ایرو اسپیس ٹیکنالوجیز کی تحقیق، انجینئرنگ، مینوفیکچرنگ، مرمت اور دیکھ بھال کے لیے متعدد کمرشل ایئر لائنز، ہوائی جہاز بنانے والی کمپنیوں اور امریکہ کی حکومتی ایجنسیوں کے ساتھ

شراکت داری کرتی ہے۔ کمپنی ملک کے اندر اور بین الاقوامی سطح پر اپنے آپریشنز جاری رکھتی ہے، اور 40 ممالک میں اس کے تقریباً 250 مقامات ہیں، جن میں مینوفیکچرنگ تنصیبات، اوورہال اور کمپوننٹ سینٹرز اور انجینئرنگ ہبز شامل ہیں۔

اعلیٰ درجے کے کالجز اور یونیورسٹیز، انتہائی ہنر مند افرادی قوت اور باہمی تعاون کے مواقع کی بدولت کیپیٹل ریجن اسٹریٹجک انڈسٹریز میں تحقیق اور ترقیاتی کاموں کے ایک مرکز کے طور پر اپنی حیثیت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ حالیہ پیش رفتوں میں، NY Creates سیمی کنڈکٹر تحقیق کے لیے شمالی امریکہ کا پہلا قابلِ رسائی ہائی NA EUV لیتھوگرافی سینٹر تعمیر کر رہا ہے، جسے ریاست نیو یارک کی جانب سے $1 بلین اور انڈسٹری کے $9 بلین کے وعدوں کی معاونت حاصل ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی دوا ساز کمپنیوں میں سے ایک، Regeneron، کیپیٹل ریجن کی تین کاؤنٹیز میں لیبز چلاتی ہے، جبکہ فرانسیسی بایوٹیکنالوجی کمپنی OneBiosciences نے اس سال کے اوائل میں البانی میں اپنے پہلے امریکی آپریشنز قائم کیے۔ مزید برآں، ٹرائے میں واقع رینسیلر پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹ (Rensselaer Polytechnic Institute) میں یونیورسٹی کیمپس پر دنیا کا پہلا IBM کوانٹم کمپیوٹر موجود ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔